15 مارچ 2016ء

شریعہ آڈٹ رپورٹ برائے بورڈ آف ڈائریکٹرز

نحمده ونصلي ونسلم على رسوله الكريم وعلىٰ آله وأصحابه أجمعين، وبعد!

الحمدللہ، ہم نے پاک قطر جنرل تکافل لمیٹڈ کے مالیاتی گوشوارے برائے سال 2015ء کا شرعی نقطۂ نظر سے جائزہ لیا۔

ہم کمپنی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی حیثیت سے اس بات سے بخوبی باخبر ہیں کہ کمپنی اور شرکاءِ تکافل سے متعلق تمام مالی معاملات اور مختلف عقود و معاہدات کو شرعی قواعد وضوابط کے مطابق یقینی بنانا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔ اسی طرح کمپنی کی منتظمہ کمیٹی کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی طرف سے جاری کردہ اُصول وضوابط اور گائیڈ لائنز پر اہتمام کے ساتھ عمل کرانے کو یقینی بنائے۔ مزید برآں یہ کہ تمام تکافل پالیسیز اور تکافل خدمات شرعی قواعد وضوابط کے مطابق اور باقاعدہ شریعہ بورڈ سے منظور شدہ ہوں۔

یہ بات اہم ہے کہ کمپنی نے تقریباً اپنی ابتداء ہی سے اس بات کا التزام کیا ہے کہ شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر اہتمام سے عمل کیا جائے اور تمام تکافل پالیسیز، خدمات اور مختلف فنڈز کی سرمایہ کاری شرعی قواعد وضوابط کے مطابق انجام دی جائے اور یہ باقاعدہ طور پر شریعہ ایڈوائزری بورڈ سے منظور شدہ بھی ہوں۔ ہم نے کمپنی کے زیر اہتمام پانچ باصلاحیت مفتیان کرام پر مشتمل شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کی مدد سے کمپنی کے تمام متعلقہ اُمور کا شرعی نقطۂ نظر سے جائزہ لیا، اس ضمن میں فراہم کردہ معلومات کی روشنی میں ہماری رائے یہ ہے کہ:

۱...... سال 2015ء میں کمپنی کی جانب سے کیے گئے تمام مالی معاملات جاری کردہ گائیڈ لائنز اور تکافل رولز 2012ء کے مطابق تھے۔

۲...... سال 2015ء میں کمپنی نے تکافل آگاہی مہم کے حوالہ سے ملک بھر میں تقریباً 200 سے زائد تربیتی کورسز کا انعقاد کروایا جس سے تکافل کے بنیادی تصور اور عملی طریقہ کار کو سمجھنے اور پھیلانے میں بہت مدد ملی۔ اس ضمن میں کمپنی کی خدمات قابل تعریف ہیں۔

۳...... سال 2015ء میں کمپنی نے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی جانے والی ہدایات کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو بحسن وخوبی انجام دیا اور حتی الامکان غیر شرعی معاملات سے احتراز کیا۔ البتہ بعض معاملات شرعی اور عملی اعتبار سے قابل مشورہ تھے جنہیں باقاعدہ مشاورت سے حل کرلیا گیا۔

۴...... الحمدللہ، بحیثیت مجموعی کمپنی کے معاملات کو ہم نے شریعہ گائیڈ لائنز اور قواعد وضوابط کے مطابق پایا، نیز ہم وقف فنڈ کے لئے اختیار کیے گئے اکاؤنٹنگ اصول وضوابط جو کہ مالیاتی گوشوارے کے لئے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، سے اتفاق کرتے ہیں۔

واللہ أعلم بالصواب وعلمہ أتم وأحکم

درنیابت چیئرمین شریعہ ایڈوائزری بورڈ

ڈاکٹر مفتی محمد زبیر اشرف عثمانی
ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ

ڈاکٹر مفتی عصمت اللہ
شریعہ ایڈوائزر و ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ